بسم اللہ الرحمن الرحیم

حل میں رہنے والا حج کا احرام کہاں سے باندھے گا؟

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلے کے بارے میں کہ حلی (یعنی حدودِ حرم سے باہر اور میقات کے اندر رہنے والا) حج کا احرام کہاں سے باندھے گا؟

جواب

حلی (حدودِ حرم سے باہر اور میقات کے اندر رہنے والا) حج کا احرام حل سے ہی باندھے گا اور اس میں بھی اسے اپنے گھر سے احرام باندھنا افضل ہے۔

صحیح بخاری شریف میں ہے: "وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا ھل المدینۃ ذاالحلیفۃ و لا ھل الشام الجحفۃ و لا ھل نجد قرن المنازل و لا ھل الیمن یلملم، فھن لھن و لمن اتی علیھن من غیر اھلھن لمن کان یرید الحج و العمرۃ، **فمن کان دونھن، فمھلہ من اھلہ** و کذاک حتی اھل مکۃ یھلون منھا" ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اہل مدینہ کے لئے ذوالحلیفہ کو میقات (احرام باندھنے کی جگہ) بنایا، اہلِ شام کے لئے جحفہ، اہل نجد کے لئے قرن المنازل اور اہل یمن کے لئے یلملم کو مقرر فرمایا، یہ میقات ان جگہوں کے مقامی لوگوں کے لئے بھی ہے اور ان کے لئے بھی جو مقامی تو نہیں، لیکن حج و عمرہ کے ارادے سے ان جگہوں سے گزریں، **پس جو ان مقامات کے اندر کا رہنے والا ہے، اس کا احرام اپنے گھر سے ہے** اور اسی طرح حتی کہ مکہ والے مکہ سے ہی احرام باندھیں گے۔ (صحیح بخاری، کتاب المناسک، باب مھل اھل الشام، جلد 1، صفحہ 206، مطبوعہ کراچی)

محدثِ کبیر و فقیہ عظیم حضرت علامہ ملا علی القاری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "وھم الذین منازلھم فی نفس المیقات او داخل المیقات الی الحرم فوقتھم الحل۔۔للحج و العمرۃ۔۔ومن دویرۃ اھلھم افضل" ترجمہ: وہ لوگ جو میقات کے یا میقات کے اندر حرم تک کے رہنے والے ہیں، ان کے لئے حج اور عمرہ کا احرام باندھنے کی جگہ حل ہے، البتہ ان کے لئے گھر سے باندھنا افضل ہے۔ (لباب المناسک، باب المواقیت، فصل فی النصف الثانی، صفحہ 83، ادارۃ القرآن والعلوم الاسلامیہ، کراچی)

بہار شریعت میں ہے: جو لوگ میقات کے اندر کے رہنے والے ہیں، مگر حرم سے باہر ہیں، اُن کے احرام کی جگہ حل یعنی بیرون حرم ہے، حرم سے باہر جہاں چاہیں احرام باندھیں اور بہتر یہ کہ گھر سے احرام باندھیں۔ (بہار شریعت، حصہ 6، صفحہ 1068، مکتبۃ المدینہ)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: مولانا محمد علی عطاری مدنی

فتوی نمبر: Pin-7216

تاریخ اجراء: 01ذوالقعدۃ الحرام1444ھ/22مئی2023ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net